4 ستمبر 2012ء

ترکی کے ساتھ ''کرنسی سواپ ارینجمنٹ'' پر آج سے عملدرآمد شروع کردیا گیا: اسٹیٹ بینک

اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور سینٹرل بینک آف ری پبلک آف ترکی (CBRT) کے مابین تین سالہ باہمی ''کرنسی سواپ ارینجمنٹ'' (CSA) پر آج سے عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ اس کرنسی سواپ ارینجمنٹ کی مالیت مقامی کرنسیوں میں ایک ارب ڈالر کے مساوی ہے۔ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ضروری مشاورت اور CBRT کے ساتھ آپریشنل رسمی کارروائیوں کی تکمیل کے بعد اسٹیٹ بینک نے اس ارینجمنٹ پر عملدرآمد کے لیے بینکوں کو ضروری ہدایات جاری کردی ہیں۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جناب یاسین انوار اور CBRT کے گورنر Mr. Erdem Basç نے اس تاریخی دوطرفہ CSA پر گذشتہ سال نومبر میں اسلامی جمہوریہ پاکستان اور جمہوریہ ترکی کے صدور کی موجودگی میں دستخط کیے تھے۔

CSA کے مقاصد اور ڈھانچہ: کرنسی سواپ کا مقصد یہ ہے کہ (1) دونوں ملکوں کے مابین متعلقہ ملکی کرنسیوں میں دوطرفہ تجارت کو فروغ دیا جائے، اور (2) ان دیگر مقاصد کو پورا کیا جائے جن پر دونوں مرکزی بینک باہم اتفاق کریں۔ چونکہ CSA دوطرفہ مالی لین دین ہے اس لیے دونوں ملکوں پر تمام شرائط وضوابط کا مساوی اطلاق ہوگا اور قیمت بندی (پرائسنگ) مارکیٹ کے ان معیاری بینچ مارکس پر مبنی ہوگی جو دونوں ملکوں کی متعلقہ ملکی منڈیوں میں عموماً قابل قبول ہیں۔

اسٹیٹ بینک کی جانب سے عملدرآمد کی ہدایات: دونوں مرکزی بینکوں کے درمیان ''کرنسی سواپ ارینجمنٹ'' سے onshore market میں دوسرے ملک کی کرنسی کی سیالیت (liquidity) دستیاب ہونے کے حوالے سے ایک مثبت اشارہ ملتا ہے۔ اس ارینجمنٹ سے دونوں ملکوں کے مابین باہمی تجارت کی فنانسنگ کے لیے دستیاب لیکویڈیٹی کے پول کو وسعت ملے گی جو کہ سیالیت کے لیے پہلے سے دستیاب ذرائع کے ساتھ ساتھ اضافی ہوگی۔

اس ارینجمنٹ کی موجودگی میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان سواپ لائن پر ترکش لیرا (TRY) نکلوا سکے گا اور پاکستان میں بینکوں کو فراہم کرسکے گا۔ جو امپورٹرز/ ایکسپورٹرز ترکش لیرا میں تجارت کررہے ہیں، بینک انہیں یہ سیالیت فراہم (on-lend) کرسکیں گے۔ میعاد کی تکمیل (maturity) پر امپورٹرز/ ایکسپورٹرز قرض دینے والے بینک کو غیرملکی کرنسی واپس کرے گا جو متعلقہ مرکزی بینک کو یہ کرنسی لوٹا دے گا۔

منڈی کی شرح سود کے تعین میں شفافیت کو یقینی بنانے کی غرض سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ترکش لیرا کی قرضے کی سہولت کی مسابقتی نیلامیاں درج ذیل کے مطابق منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے:

☆ امپورٹ/ ایکسپورٹ کی فنانسنگ کے لیے تمام کمرشل بینک ترکش لیرا میں ایف ای۔25 ڈپازٹ وصول بھی کرسکیں گے اور ایف ای 25 قرضے جاری بھی کرسکیں گے تاہم انہیں ایف ای 25 قرضوں/ ڈپازٹس پر لاگو ہونے والی اسٹیٹ بینک کی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔ اس سلسلے میں ضروری ہدایات ایف ای سرکلر نمبر 4 مورخہ 4 ستمبر، 2012 کے ذریعے جاری کردی گئی ہیں۔

☆ شیڈولڈ بینکوں کو ترکش لیرا میں رقم فراہم کرنے کے لیے، تاکہ وہ ترکش لیرا میں بنیادی تجارتی دستاویزات کے حامل امپورٹرز/ ایکسپورٹرز کو ترکش لیرا on-lend کرسکیں، اسٹیٹ بینک آف پاکستان CBRT کے ساتھ CSA کے تحت نکلوائی گئی رقوم استعمال کرتے ہوئے ترکش لیرا کے قرضے کی سہولت کی مسابقتی نیلامیاں منعقد کرے گا۔

☆ نیلامیوں میں شرکت کے لیے ترکش لیرا میں ایکسپورٹ یا امپورٹ بلز کا دستاویزی ثبوت جمع کرانا لازمی ہوگا۔

☆ اسٹیٹ بینک آف پاکستان سہ ماہی اور ششماہی میعاد کی، ترکش لیرا کی مسابقتی نیلامیاں 'مساوی نرخ' پر منعقد کرے گا۔ تمام شیڈولڈ بینک ان نیلامیوں میں شرکت کے اہل ہوں گے۔

پاکستانی روپے/ ترکش لیرا کے سواپ کے حوالے سے، پاکستان میں ترکش لیرا کے استعمال کے بارے میں مزید تفصیلات درج ذیل ہیں:

الف **ترکش لیرا میں ضروری تجارتی دستاویزات کے حامل امپورٹرز:** لیٹر آف کریڈٹ کی میعاد کی تکمیل پر امپورٹرز ترکش لیرا میں قرض لے کر بیرون ملک سپلائرز کو ادائیگی کرے گا۔ فرض کریں کہ قرض 6 ماہ کے لیے ہے تو امپورٹر کو روپے کی لاگت پر بچت ہوگی اور چھ ماہ بعد امپورٹر پاکستانی روپے کے عوض ترکش لیرا خریدے گا اور ترکش لیرا کا قرض ادا کردے گا۔ ترکش لیرا کی آن شور فنانسنگ سے امپورٹرز کو ترکش لیرا میں لیٹر آف کریڈٹ کھولنے کی ترغیب ملے گی۔

ب **ترکش لیرا میں ضروری تجارتی دستاویزات کے حامل ایکسپورٹرز:** کنٹریکٹ طے پانے کے بعد ایکسپورٹر ترکش لیرا میں قرض لے گا، پاکستانی روپے کے عوض ترکش لیرا فروخت کرے گا اور اپنے مقامی کاموں کے لیے پاکستانی روپیہ استعمال کرے گا۔ کنٹریکٹ کی میعاد کی تکمیل پر ایکسپورٹر بیرون ملک خریدار سے ترکش لیرا وصول کرے گا اور ملک کے اندر ترکش لیرا کے قرضے کی ادائیگی کرے گا۔

توقع ہے کہ تمام شریک بینک اپنی کاروباری دستاویزات ترکش لیرا میں تیار کرنے کے اضافی آپشن کے بارے میں صارفین کو معلومات فراہم کریں گے۔ اسٹیٹ بینک بینکوں کی حوصلہ افزائی کررہا ہے کہ مقامی تجارتی اداروں کے ساتھ اس سلسلے میں اجلاس کریں۔ تمام امپورٹرز اور ایکسپورٹرز سے بھی درخواست ہے کہ وہ اس بارے میں مزید تفصیلات جاننے کے لیے اپنے متعلقہ بینکوں سے رجوع کریں کہ وہ دوطرفہ تجارت کی مالکاری کے لئے ترکش لیرا کی سیالیت (liquidity) کس طرح بطور قرض لے سکتے ہیں۔

[☆☆☆]